1

ساری دُنیا کے مالِک

اے ساری دُنیا کے مالک
سب سے انوکھے، سب سے نِرالے
ناؤ جگت کی کھینے والے
جوت ہے تیری جل اور تھل میں
ہر دل میں ہے تیرا بسیرا
تو ہے اکیلوں کا رکھوالا
ہلتے ہیں پتّے تیرے ہِلائے
تو ہی ڈُبوئے، تو ہی تِرائے

راجا اور پرجا کے مالک
آنکھ سے اوجھل، دِل کے اُجالے
دُکھ میں سہارا دینے والے
باس ہے تیری پھول اور پھل میں
تو پاس اور گھر دور ہے تیرا
تو ہے اندھیرے گھر کا اُجالا
کِھلتی ہیں کلیاں تیرے کِھلائے
تو ہی بیڑا پار لگائے

— الطاف حسین حالی

© NCERT not to be republished

مشق

پڑھیے اور سمجھیے

پرجا	عام لوگ، رعایا
اوجھل	غائب
جگت	دنیا، سنسار
جوت	روشنی، اُجالا، چمک
جل	پانی
تھل	خشک زمین
باس	مہک، بو
تِرائے	اُبھارے
بیڑا پار لگانا	کام بنانا

© NCERT not to be republished

☜ اساتذہ کے لیے ہدایات:

- تصویروں کے ذریعے بچّوں سے نظم کے بارے میں بات چیت کریں۔
- بچّوں کو بلند آواز سے نظم پڑھنے کا موقع دیں۔

سوچیے اور بتائیے

1. ساری دنیا کے مالک کسے کہا گیا ہے؟
2. 'جوت ہے تیری جل اور تھل میں' اس مصرعے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟
3. 'تو ہے اکیلوں کا رکھوالا' سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟
4. بیڑا پار لگانے کا کیا مطلب ہے؟
5. اس نظم میں دنیا کے مالک کی کیا کیا خوبیاں بتائی گئی ہیں؟

خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے

رکھوالا پار دنیا جوت کِھلائے

1. اے ساری .... کے مالک
2. .... ہے تیری جل اور تھل میں
3. تو ہے اکیلوں کا ....
4. کِھلتی ہیں کلیاں تیرے ....
5. تو ہی بیڑا .... لگائے

© NCERT not to be republished

حصہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملائیے

(الف)	(ب)
راجا	اندھیرا
اجالا	سونا
جاگنا	پرجا
پاس	تھل
جل	دور

ہم آواز لفظوں کی جوڑی بنائیے

1. نرالے	پھل
2. کھینے	کھلائے
3. ہلائے	دینے
4. تھل	اجالے
5. بسیرا	تیرا

© NCERT not to be republished



مثال کے مطابق خانوں میں دیے گئے حروف کی مدد سے پانچ الفاظ لکھیے

ل	پھ	و	ت	ن
پ	و	م	و	ر
ر	ل	ا	ج	ا
ج	س	ل	گ	ل
ا	ط	ک	ت	ے

مثال : جگت

1. ....
2. ....
3. ....
4. ....
5. ....

© NCERT not to be republished

مثال کے مطابق بے جوڑ لفظ کو پہچان کر سامنے لکھیے

پھول پھل ناؤ پودا = ناؤ

آنکھ کان ناک کتاب = ...

گھر چاند چھت کمرہ = ...

رات نیند پتھر بستر = ...

مالک آقا حاکم نوکر = ...

اپنی پسند کا کوئی پھول بنائیے اور رنگ بھریے

© NCERT not to be republished